مُطْلَقَةً مِّنْ غَیْرِ إِضَافَةٍ إِلَى قُصُورٍ مِّنْ نَّقْصٍ حَقِّ كُلِّ كَوْنٍ إِلَّا فِی

اور مطلق ہوں۔ بغیر اضافت و نسبت کے طرف کوتاہی و نقص کے کسی بھی مخلوق کے حق میں مگر تیرے

أَعْدَائِكَ وَأَعْدَاءِ رُسُلِكَ فَأَنْفِذْ أَقْوَالِی بِالضَّرَرِ النَّفْسِیِّ وَالْمَالِیِّ

اعداء اور تیرے رسل کرام کے اعداء کے حق میں۔ پس نافذ فرما میرے اقوال کو ان میں جانی اور مالی

فِیهِمْ حَتَّى یَكُونُوا مَقْهُورِینَ وَمَكْسُورِینَ فَیَغْلِبُ عِبَادُكَ الْمُؤْمِنُونَ

ضرر و نقصان کے ساتھ یہاں تک کہ وہ مقہور و مغلوب ہو جائیں پس غالب ہو جائیں (ان پر) تیرے مومن بندے

الْمُطِیعُونَ لِأَوَامِرِكَ وَأَحْكَامِكَ وَأَمَّا بِالْأَوْهَامِ وَالْاِعْتِقَادَاتِ

اور اطاعت گزار تیرے اوامر و احکام کے۔ اور لیکن اوہام و اعتقادات فاسدہ پر

فِی حَقِّ كُلِّ مُؤْمِنٍ فَاجْعَلْ وَهْمِی وَظَنِّی غَیْرَ دَمْلَقٍ وَأَغْلِمْ لِقَلْبِی

مومن کے حق میں پس بنانا میرے وہم اور ظن کو ناہموار اور جوش میں لانا میرے دل کو

عَلَى وَجْهٍ یَكُونُ عِبَادُكَ عَلَى ذٰلِكَ الْوَجْهِ وَإِنْ أَقْبَلَنِی الْعَزْمُ

اس طریقہ پر کہ تیرے بندے اس طریقہ پر ہوں۔ اگرچہ مانع ہو مجھے نفس مدنی

الْمَدَنِیُّ فِی رُوحِی وَجِنْسِهِ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ مُطَهِّرُ الْقُلُوبِ عَنْ صَدَائِیَّاتِ

(محتاج تعاون) میرے روح اور اس کی جنس میں۔ اے اللہ تو دلوں کو پاک کرنے والا ہے وہمیات کے

الْوَهْمِیَّاتِ وَالْاِعْتِقَادَاتِ الْمُسْتَعَاذَاتِ مِنْهَا بِأَنْوَارِكَ الْهَادِیَةِ الْبَارَّةِ

زنگ سے اور ان اعتقادیات کے زنگ سے جو پناہ طلب کرنے کے لائق ہیں ساتھ اپنے

بِحَقِّ الْبَرَرَةِ الْهَادِیَةِ الْبَارَّةِ بِحَقِّ الْبَرَرَةِ الْهَادِیَةِ اِجْعَلْ خَطَرَاتِ

انوار کے جو رہنما اور محسن ہیں بطفیل اپنے نکوکاروں، رہبروں اور محسنین کے میرے دل کے خیالات کو

قَلْبِی مَبْرُورَةً عَرِیجًا إِلَى مَلَكُوتِكَ مُرْسَلًا مُلْصَقًا بِرِّ هٰذَا الْعَبْدِ بِحُسْنِ

درست و نیک بنا دے پرواز کرتے ہوئے تیرے ملکوت کی طرف آزادی کی حالت میں درآنحالیکہ متصل ہو اس عبد کی نیکی

التَّصَوُّرَاتِ وَالْإِدْرَاكَاتِ فِی حَقِّهِمْ عَلَى وَجْهِ إِنْصَافِهِمْ عَالِمًا لِّمَا فِی

اچھے تصورات و علوم کے ساتھ ان کے حق میں اُن کے اندازِ انصاف کے مطابق جانتے ہوئے ان کے

نُفُوسِهِمْ مِّنَ الْأَقْوَالِ الَّتِی یَتَجَاوَبُونَ بَیْنَهُمْ وَیَتَكَلَّمُونَ بِالْأَسْرَارِ

نفوس والے اقوال کو جن کے ساتھ وہ باہم سوال و جواب کرتے ہیں اور کلام کرتے ہیں ایسے اسرار کے ساتھ

الَّتِی هِیَ كَامِنَةٌ عَنْ أَعْیَانِ الْإِنْسِیَّةِ وَالْجِنِّیَّةِ أَلِیفًا مَّعَهُمْ بِالْمَحَبَّةِ

جو پوشیدہ ہیں انسانوں اور جنوں کی ذاتوں سے الفت رکھتے ہوئے ان کے ساتھ محبت

التَّامَّةِ مِنْ غَیْرِ مُصَحِّحٍ فِی آلَةٍ مِّنَ الْآلَاتِ وَمِنْ غَیْرِ فَقْدِ شَخْصٍ أَرْضِیٍّ

تامہ کے طور پر بغیر کسی درستگی و اصلاح کے میرے آلات میں سے کسی آلہ میں اور بغیر گم کئے کسی ارضی شخص کو

طَالِعَةً هُنَالِكَ الْجَمَالَاتُ الْقُدُسِیَّةُ عَلَى وَجْهِ الْاِسْتِغْرَاقِ فَارِغًا

درآنحالیکہ طلوع کرتے والے ہوں وہاں پر جمالات قدسیہ استغراق و احاطہ کی حالت میں، درآنحالیکہ میں فارغ ہوں

عَنْ كُلِّ الْهُمُومِ فَائِحًا مَّعَ الْقُدُسِیَّةِ السُّبُّوحِیَّةِ بِسُبُحَاتِ النُّقَبَاءِ

تمام غموں سے۔ مہکنے والا ہوں ساتھ تسبیح خوان قدسیوں کے ساتھ تسبیحات خداوند تعالیٰ کے مقرر کردہ

الْإِلٰهِیَّةِ الْعَرْشِیَّةِ بَادًّا فِی حَقِّهِمْ بِالْاِعْتِقَادِ الْجَمِیلِ وَالثَّنَاءِ

عرش کے نگرانوں کے، بانٹتے ہوئے ان کے حق میں اپنے جمیل اعتقاد اور لائق ستائش ثناء کو

الحمید فلا یماثلنی احد فی الطاعۃ والمشاھدۃ ثمہ الا من اردت

پس میری برابری نہ کر سکے وہاں پر کوئی شخص اطاعت اور مشاہدہ میں مگر جس کے لیے تو ارادہ فرمائے

ذلک فلا یقربنی ملک ارضی بالحتف ولا بالمنع بل ممدا او

پس نہ قریب ہو میرے کوئی ارضی فرشتہ موت کے ساتھ اور نہ رکاوٹ کے ساتھ بلکہ امدادی کے طور پر یا

معدا اساکنا ممنوعا عن الفعل والتاثیر فی الضرر اللھم صل و

استعداد پیدا کرتے ہوئے پرسکون حالت میں جبکہ وہ ممنوع ہو ضرر والے فعل و تاثیر سے۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سلم علی سیدنا محمد وعلی ال سیدنا محمد الذی قال لامتہ

سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر جس محبوب نے اُمت کو فرمایا

ان مات احد منکم فعلیکم بحضور المیت وبدفنہ وینبغی

کہ تم میں سے اگر کوئی فوت ہو تو اس کے پاس حاضر ہونا اور اسے دفن کرنا تم پر لازم ہے اور لائق ہے

لحیھم یدعون اللہ لہ ویقولون اللھم اغفرہ اللھم اغفر لہ

ان میں سے زندہ کے لیے کہ اس کے لیے دعا کریں اور کہیں اے اللہ اسے بخش اے اللہ اسے بخش

وارحمہ وعافہ واعف عنہ واکرم نزلہ واوسع مدخلہ و

اس پر رحم فرما۔ عافیت دے اور درگزر فرما اور اس کی مہمانی باعزت فرما اور اس کی قبر وسیع فرما اور

اغسلہ بالماء والثلج والبرد ونقہ من الخطایا کما نقیت

اسے دھو پانی اور برف اور اولوں کے ساتھ اور گناہوں سے پاک فرما جیسے تو نے پاک فرمایا

الثوب الابیض من الدنس وانزلہ دارا خیرا من دارہ واھلا

سفید کپڑے کو میل کچیل سے اور اسے اتار دنیوی مکان سے بہتر مکان میں اور بہتر قریبی

خیرا من اھلہ وزوجا خیرا من زوجہ وادخلہ الجنۃ واعذہ

عطا فرما دنیوی قریبیوں سے اور بیوی جو بہتر ہو دنیوی بیوی سے اور اسے جنت میں داخل فرما اور اسے

من عذاب القبر ومن عذاب النار۔ منھا خلقنٰکم وفیھا نعیدکم

عذاب قبر سے اور عذاب دوزخ سے بچا" اسی سے ہم نے تمہیں پیدا کیا اور اسی میں لوٹائیں گے

ومنھا نخرجکم تارۃ اخری بسم اللہ وفی سبیل اللہ وعلی ملۃ

اور اسی سے دوبارہ نکالیں گے" اللہ کے نام کی برکت سے اور اللہ کی راہ میں اور رسول اللہ

رسول اللہ اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد

کی ملت پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں معبود برحق مگر اللہ وحدہ لاشریک لہ، اور میں گواہی دیتا ہوں

ان محمدا عبدہ ورسولہ وان عیسی عبد اللہ وابن امتہ و

کہ محمد اس کے عبد خاص اور رسول برحق ہیں اور یہ کہ عیسیٰ اللہ کے عبد، اس کی باندی کے بیٹے اور

کلمتہ القاھا الی مریم وروح منہ وان الجنۃ حق والنار حق

کلمۃ اللہ ہیں جسے مریم کی طرف القاء کیا اور اس کی پیدا کردہ مخصوص روح ہیں اور بیشک جنت برحق اور دوزخ

وعند المریض اذھب الباس رب الناس اشفہ فانت الشافی لا

برحق ہے اور مریض کے پاس رکھیں اے جا اس کی بیماری اور شدت کو اے رب انسانوں کے، اسے شفا بخش پس تو ہی شفا دینے والا

شفاء الا شفاءک لا یغادر سقما اللھم متعنی ببصری واجعلہ

ہے نہیں ہے شفا مگر صرف تیری شفا، ایسی شفا دے جو نہ چھوڑے کسی طرح کی بیماری کو۔ اے اللہ مجھے نفع اندوز فرما میری بصارت کے ساتھ

الوارث منی وارنی فی العدو ثاریا وانصرنی علی من ظلمنی بسم

اور بنا اسے میرا وارث۔ اور دکھلا مجھے میرے دشمن میں ہلاکت و مؤاخذہ اور میری مدد فرما مجھ پر ظلم کرنے والے کے خلاف۔

اللہ الکبیر نعوذ باللہ العظیم من شر کل عرق نعار ومن شر حر

اللہ کبیر کے نام کی برکت سے۔ ہم اللہ عظیم کی پناہ طلب کرتے ہیں ہر پھڑکنے والی رگ کے شر سے اور آگ کی حرارت

النار اللھم احینی ما کانت الحیوۃ خیرا لی وتوفنی اذا کانت

کے شر سے۔ اے اللہ مجھے زندہ رکھ جب تک زندہ رہنا میرے لیے بہتر ہو اور وفات دینا جب

الوفات خیرا لی بسم اللہ تربۃ ارضنا بریقۃ بعضنا یشفی بھا

وفات میرے لیے بہتر ہو۔ اللہ کے نام کی برکت سے ہماری زمین کی مٹی (جو ملی ہوئی ہے) ہمارے بعض کے لعاب دہن کے ساتھ شفا پاتا ہے اس

سقیمنا باذن ربنا اعوذ باللہ وقدرتہ من شر ما اجد واحذر

کے ساتھ ہمارا بیمار ہمارے رب کے اذن سے۔ میں پناہ حاصل کرتا ہوں اللہ کی اور اس کی قدرت کی ہر اس شئ کے شر سے جو پاتا ہوں اور جس سے ڈرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ و آل محمدؐ پر اور آپ

مَرْقَدِهٖ فِى الْمَرَاقِدِ وَلَحَدِهٖ فِى اللُّحُوْدِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
کے مرقد پر مرقدوں میں اور لحد پر لحدوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى حَفَّارِهٖ فِى الْحَفَّارِيْنَ وَعَلٰى صَلٰوةِ
محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر اور آپ کی قبر انور کھودنے والے پر قبریں کھودنے والوں میں اور آپ کی صلوٰۃ

جَنَازَتِهٖ فِى الصَّلَوَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ
جنازہ پر ان صلوات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى لَبِنَتِهٖ فِى اللَّبِنَاتِ وَعَلٰى تُرَابِهٖ فِى التُّرْبَانِ اَللّٰهُمَّ
کی آل پر اور (آپ کی قبر کی) کچی اینٹوں پر ان اینٹوں میں اور آپ کی تراب و خاک پر خاکوں میں۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مَقْبَرَتِهٖ فِى
صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر اور آپ کے مقبرہ پر

الْمَقَابِرِ وَمَدْفَنِهٖ فِى الْمَدَافِنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
مقابر میں اور دفن کی جگہ پر ان جگہوں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ

وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مَزَارِهٖ فِى الْمَزَارَاتِ وَقُبَّتِهٖ فِى الْقُبَّاتِ
و آل محمدؐ پر اور آپ کے مزار شریف پر مزارات میں اور قبۂ مقدسہ پر قبہ جات میں

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِىْ وَلَهٗ وَاَعْقِبْنِىْ مِنْهُ عَقَبَةً حَسَنَةً اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَ
اے اللہ مجھے بخش اور میرے متوفی کو بخش اور مجھے اس سے اچھا بدل عطا فرما۔ اے اللہ صلوٰۃ و

سَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مَشْهَدِهٖ فِى
سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور سیدنا محمدؐ کی آل پر اور آپ کے وجود اقدس والی جگہ پر جملہ

الْمَشَاهِدِ وَعَلٰى رَوْضَتِهٖ فِى الرَّوْضَاتِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
مشاہد میں اور آپ کے روضہ اقدس پر تمام روضہ جات میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى قِنْدِيْلِهٖ فِى الْقَنَادِيْلِ وَزِيَارَتِهٖ
محمدؐ و آل محمدؐ پر اور آپ کے روضہ اقدس کی نورانی مشعل پر تمام قندیلوں میں اور آپ کی زیارت

فِى الزَّآئِرِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
پر تمام اہل زیارت میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ و آل محمدؐ پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى زَآئِرِهٖ فِى الزُّوَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
اور آپ کے زیارت کرنے والے پر زائرین میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

عَلٰى بَعْثِهٖ فِى الْبُعُوْثِ وَلِوَآئِهٖ فِى الْاَلْوِيَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى
آپ کے لشکر پر لشکروں میں اور آپ کے پرچم پر پرچموں میں۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى شَفَاعَتِهِ الْعُظْمٰى فِى
سیدنا محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر اور آپ کی شفاعت عظمیٰ پر تمام شفاعات

الشَّفَاعَاتِ وَمَقَامِهِ الْمَحْمُوْدِ فِى الْمَقَامَاتِ اَللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ فِىْ عَدْنِكَ
میں اور آپ کے مقام محمود پر جملہ مقامات میں۔ اے اللہ فراخی و کشادگی فرما ان کیلئے اپنی جنت عدن

وَاجْزِهٖ مُضَاعَفَاتِ الْخَيْرِ مِنْ فَضْلِكَ مُهَنَّاٰتٍ لَّهٗ غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ
میں اور جزاء دے کئی گنا خیرات کی اپنے فضل سے جو خوشگوار ہوں ان کے لیے نہ مکدر

مِنْ فَوْزِ ثَوَابِكَ الْمَحْلُوْلِ وَجَزِيْلِ عَطَآئِكَ الْمَعْلُوْلِ وَاَنْ تُعْطِيَهُ
اپنے فوری ثواب سے جو واجب کیا ہوا ہے (از روئے تیرے فضل کے) اور اپنے عظیم عطا سے جو بار بار دی جانے

الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَالْحَوْضَ الْمَوْرُوْدَ وَ
والی ہے اور عطا کرے انہیں مقام وسیلہ و فضیلت اور بلند درجہ اور حوض کوثر جس پر بکثرت وارد ہونے والے ہوں

الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَالْعِزَّ الْمَوْرُوْدَ وَاَنْ تُعَظِّمَ بُرْهَانَهٗ وَاَنْ تُشَرِّفَ
اور مقام محمود اور بہت وسیع عزت اور عظیم فرمائے ان کے برہان کو اور شرف بخشے ان کی

بُنْيَانَهٗ وَاَنْ تَرْفَعَ مَكَانَهٗ اَللّٰهُمَّ اَعْلِ عَلٰى بِنَآءِ النَّاسِ بِنَآءَهٗ وَ
بنیادوں کو اور بلند فرمائے ان کے مکان کو۔ اے اللہ بلند فرما لوگوں کی بناؤں پر ان کی بناء کو اور

اكرم مثواه لديك ونزله واتمم له نوره واجزه من ابتعاثك
عزت وکرامت والا بنا ٹھکانا ان کا اپنے ہاں اور ان کی مہمانی اور کامل فرما ان کا نور اور جزا دے انہیں مبعوث فرمانے
له مقبول الشهادة ومرضي المقالة ذا منطق عدل وخطة
انہیں اس حال میں کہ ان کی شہادت مقبول ہے اور قول پسندیدہ۔ سراسر عدل والی گفتگو اور واضح
فصل وبرهان عظيم اللهم اعط محمدن الوسيلة والفضيلة
عادات اور عظیم برہان والے ہیں۔ اے اللہ عطا فرما محمد کریم کو مقام وسیلہ و فضیلت
والشرف والدرجة الكبيرة اللهم ابلغ روح محمد مني تحية
اور شرف اور بہت بڑا درجہ۔ اے اللہ پہنچا محمد کریم کی روح اقدس کو میری طرف سے تحفہ
وسلاما اللهم تقبل شفاعة محمدن الكبرى وارفع درجته
اور سلام۔ اے اللہ قبول فرما محمد کریم کی شفاعت کبریٰ اور بلند فرما ان کا درجۂ عالیہ
العليا واته سؤله في الاخرة والاولى كما اتيت سيدنا موسى
اور عطا فرما انہیں ان کا مطلوب آخرت اور دُنیا میں جیسے عطا کیا سیدنا موسیٰ کو
وسيدنا ابراهيم اللهم ابعثه مقاما محمودا يغبطه فيه
اور سیدنا ابراہیم کو۔ اے اللہ پہنچا انہیں مقام محمود پر کہ رشک کریں ان سے اس مقام
الاولون والاخرون اللهم عظمه في الدنيا باعلاء ذكره و
میں تمام اولین و آخرین۔ اے اللہ عظمت بخش انہیں دُنیا میں ان کا ذکر بلند کرکے اور
اظهار دينه وابقاء شريعته وفي الاخرة بشفاعته في امته
دین غالب کرکے اور شریعت کو بقا و دوام دے کر اور آخرت میں اپنی اُمت میں حق شفاعت
واجزل اجره ومثوبته وابد فضله للاولين والاخرين بالمقام
دے کر اور عظیم فرما ان کا اجر و ثواب اور ابدی بنا دے ان کے فضل کو اولین و آخرین کے لیے مقام
المحمود وتقديمه على كافة المقربين بالشهود اللهم اجعله
محمود کے ذریعے اور انہیں مقدم فرما کر تمام مقربین پر اپنے مشاہدہ ذات کے ساتھ۔ اے اللہ انہیں بنا

من اكرم عبادك عليك شرفا وكرامة ومن ارفعهم عندك
اپنے تمام بندوں سے مکرم ترین اپنے ہاں از روئے شرف و کرامت کے اور ان سے بلند تر اپنے ہاں
درجة ومن اعظمهم عندك خطرا ومن امكنهم عندك شفاعة
از روئے درجہ کے اور ان سے عظیم تر از روئے اہمیت کے اور ان سے بلند مرتبت اپنے ہاں از روئے شفاعت کے۔
اللهم عظم شانه وبين برهانه وابلج حجته وابلغه مامولة
اے اللہ ان کی شان کو عظیم بنا اور برہان کو واضح فرما اور حجت کو روشن فرما اور انہیں ان کی امید و آرزو تک پہنچا
في اهل بيته وذريته اللهم اته الوسيلة والفضيلة والدرجة
ان کے اہل بیت اور ذریت میں۔ اے اللہ انہیں وسیلہ و فضیلت اور درجہ عالیہ
العالية الرفيعة وابعثه المقام المحمود واللواء المعقود والحوض
و رفیعہ عطا فرما اور انہیں پہنچا مقام محمود تک اور تیار پرچم اور حوض
المورود اللهم جدد وجرد في هذا الوقت وفي هذه الساعة
مورود تک۔ اے اللہ تجدید و تجرید فرما اس وقت میں اور اس ساعت میں
من صلواتك التامات وتحياتك الزاكيات ورضوانك الاكبر
اپنی کامل صلوات اور پاکیزہ تحیات کی اور اپنی رضوان اکبر
الاتم الادوم الى اكمل عبد لك في هذا العالم من بني ادم
و اتم و دائمی کی اپنے کامل ترین عبد کے لیے اس جہان میں بنی آدم میں سے
اللهم بلغ سلام عبدك هذا اليه فعليه منك الان عن عبدك
اے اللہ پہنچا اپنے اس بندے کا سلام ان کی بارگاہ میں پس ان پر ہو تیری طرف سے اور تیرے اس عبد
افضل الصلوة واشرف التسليم وازكى التحيات اللهم صل و
کی طرف سے افضل ترین صلواۃ اور بزرگترین سلام اور پاکیزہ ترین تحیہ و تحفہ۔ اے اللہ صلواۃ و
سلم على سيدنا محمد وعلى ال سيدنا محمد وعلى وسيلته في
سلام نازل فرما سیدنا محمد پر اور آل محمد پر اور آپ کے وسیلہ پر

الْوَسَائِلِ وَحَدِيْقَتِهٖ فِي الْحَدَائِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وسائل میں اور آپ کے باغیچہ پر باغات میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جَنَّتِهٖ فِي الْجِنَانِ وَفِرْدَوْسِهٖ فِي
اور آپ کی آل پر اور آپ کی جنت پر جنات میں اور آپ کے فردوس پر
الْفَرَادِيْسِ وَحَوْضِهٖ فِي الْحِيَاضِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
فردوسوں میں اور حوض پر حوضوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى زَاوِيَتِهٖ فِي الزَّوَايَا وَكُوْزِ حَوْضِهٖ فِي
اور آل محمد پر اور آپ کے زاویہ و گوشہ پر گوشوں میں اور آپ کے حوض کے ہر پیالہ پر
الْكِيْزَانِ وَنَهْرِهٖ فِي الْاَنْهَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ
پیالوں میں اور آپ کی نہر پر نہروں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور
عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى غُلَامِهٖ فِي الْغِلْمَانِ وَوَلِيْدِهٖ فِي الْوِلْدَانِ
آپ کی آل محمد پر اور ان کے ہر غلام پر غلاموں میں اور آپکے ہر جنتی خادم بچے پر جنتی نابالغ بچوں میں
وَحُوْرَائِهٖ فِي الْحُوْرِ وَعَيْنَائِهٖ فِي الْعِيْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور سفید روشن رنگت والی جنتی عورت پر حوروں میں اور موٹی آنکھ والی جنتی عورت پر ایسے عورتوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى فَاكِهَتِهٖ فِي الْفَوَاكِهِ وَكَاْسِهٖ فِي
وصلوٰۃ سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کے میوہ پر میوہ جات میں اور پیالہ پر
الْكُئُوْسِ وَاِبْرِيْقِهٖ فِي الْاَبَارِيْقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
پیالوں میں اور لوٹے پر لوٹوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر
وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى خُرْطُوْمِ اِبْرِيْقِهٖ فِي الْخَرَاطِيْمِ وَكُوْبِهٖ
اور آپ کی آل پر اور آپ کے لوٹے کی ٹونٹی پر ٹونٹیوں میں اور گلاس پر
فِي الْاَكْوَابِ وَفِرَاشِهٖ فِي الْفُرُشِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
گلاسوں میں اور آپ کے بچھونے پر بچھونوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَرِيْكَتِهٖ فِي الْاَرَائِكِ وَزِرْبِيَّهٖ فِي الزَّرَابِيِّ
اور آپ کی آل اطہار پر اور آپ کی آرام کرسی پر آرام کرسیوں میں ۔ اور آپ کی مسند ناز پر مسندوں میں
وَنَمْرُقَتِهٖ فِي النَّمَارِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
اور گدیلے پر گدیلوں میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى مِعْرَاجِهٖ فِي الْمَعَارِجِ وَرُؤْيَتِهٖ فِي الرَّائِيْنَ وَخُلُوْدِهٖ
محمد کی آل پر اور آپ کے معراج پر معراجوں میں اور دیدار پر اہل رؤیت میں اور آپکے خلود و دوام پر
فِي الْخٰلِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا
اہل خلود میں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل
مُحَمَّدٍ رَئِيْسِ الْجِنَانِ وَالشَّافِعِ مِنَ النِّيْرَانِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
پر جو کہ اہل جنت کے سردار ہیں اور شفیع ہیں آتشہائے دوزخ سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ لَاحَ جَمَالُهٗ فِي
فرما سیّدنا محمد پر اور آپ کی آل اطہار پر جن کا جمال نمایاں ہوا
الْقِدَمِ وَاَشْرَقَ نُوْرُهٗ اِلَى الْوُجُوْدِ بِلَا الْعَدَمِ وَنُوْرِكَ الْاَتَمِّ
قدیم ترین دور میں ۔ اور چمکا ان کا نور ابد تک کے لیے موجودات پر اور اپنے نور اتم
وَفَضْلِكَ الْاَعَمِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اور فضل اعم پر ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور آپ
اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الَّذِيْ اَقَامَ الْحَقَّ وَاَذَلَّ الطَّاغُوْتَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
کی آل اطہار پر جس محبوب نے حق کو قائم کیا اور طاغوت وشیطان کو ذلیل کیا ۔ اے اللہ صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قُطْبِ الْاَقْطَابِ
و سلام نازل فرما سیّدنا محمد پر اور سیّدنا محمد کی آل پر جو سب اقطاب کے قطب
وَمَلَاذِ الْاَحْبَابِ الدَّاخِلِ اِلَيْكَ مِنَ الْبَابِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
اور تمام احباب کی جائے پناہ ہیں سب سے پہلے داخل ہونے والے ہیں تیرے حریم ناز کے دروازے سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ

عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَابِ الْخَیْرَاتِ وَمِفْتَاحِ

وسلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل اطہار پر جو خیرات کا دروازہ اور برکات کی چابی

الْبَرَکَاتِ وَشَمْسِ الْمَعَانِی الزَّاهِرَاةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اور معانی کا روشن سورج ہیں ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ لَمْ یَغِبْ عَنْ حَضْرَتِكَ طَرْفَةَ عَیْنٍ

محمّد پر اور آل محمّد پر جو محبوب نہ غائب ہوئے تیری بارگاہ سے پلک جھپکنے کی دیر

وَلَمْ یَعْرِفْ غَیْرَكَ مِنَ الزَّمَانِ وَالْاَیْنِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

اور نہ جانا تیرے غیر کو زمان و مکان میں سے ۔ اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَیْنِ الْمُتَوَصِّلِیْنَ اِلَیْكَ وَ

سیّدنا محمّد و آل محمّد پر جو محبوب چشم بینا ہیں تیری ذات تک واصل ہونے والوں کی اور

نُوْرِ بَهْجَةِ اَسْرَارِ الْعَالَمِ بِكَشْفِ الْاَسْتَارِ مِنْ وَّصْفِكَ اَللّٰهُمَّ

اسرار عالم کی رونق کا نور ہیں بسبب کھولنے پردوں اور حجابات کے تیرے وصف و ثناء سے ۔ اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْغَفُوْرِ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور سیّدنا محمّد کی آل پر جو بہت بخشنے والے

السَّتَّارِ وَمَظْهَرِكَ التَّامِّ وَعَیْنِ جُوْدِكَ الْعَامِّ وَنُوْرِكَ الْاَفْضَلِ

پردہ پوش اور تیرے مظہر کامل اور تیرا مجسم جود عام اور نور افضل ہیں ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ دَائِمِ

اے اللہ صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیّدنا محمّد پر اور آپ کی آل پر جو محبوب دائمی

النُّوْرِ وَاضِحِ الظُّهُوْرِ وَحُجَّةِ الْقَاطِعَةِ وَذِی الْبَرَاهِیْنِ السَّاطِعَةِ

نور والے اور واضح ظہور والے اور مشکوک و شبہات کو قطع کرنے والا مجسم حجت اور غالب برہانوں والے ہیں

اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَةِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی اَنْ تُحَقِّقَنَا ذَاتًا

اے اللہ قاب قوسین او ادنیٰ کے مقام والے محبوب کے طفیل ہمیں ثابت و پائیدار بنا از روئے ذات

وَّصِفَاتًا وَّاَسْمَاءً وَّاَفْعَالًا وَّاٰثَارًا حَتّٰی لَا نَرٰی وَلَا نَسْمَعَ وَلَا نُحِسَّ

و صفات اور اسماء و افعال اور آثار کے تاکہ ہم نہ دیکھیں اور نہ سنیں اور نہ محسوس کریں

وَلَا نَجِدَ اِلَّا اِیَّاكَ اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ اَنْ تَجْعَلَ

اور نہ پائیں مگر تجھی کو ۔ اے میرے الٰہ اور میرے آقا بطفیل اپنے فضل و رحمت کے بنادے

هُوِیَّتَنَا عَیْنَ هُوِیَّتِهٖ فِیْ اَوَائِلِهٖ وَنِهَایَتِهٖ وَبُوُدِّ خُلَّتِهٖ وَصَفَاءِ

ہمارے وجود و تشخص کو عین اپنے محبوب کے وجود و تشخص کا ابتداء و انتہاء میں بطفیل ان کی مودت و خلت کے اور صفاء

مَحَبَّتِهٖ وَفَوَاتِحِ اَنْوَارِ بَصِیْرَتِهٖ وَجَوَامِعِ اَسْرَارِ سَرِیْرَتِهٖ وَ

محبت کے اور ان کی بصیرت کے انوار کاشفہ اور سریرت و باطن کے اسرار جامعہ کے اور

رَحِیْمِ رُحَمَائِهٖ وَنَعِیْمِ نِعَمَائِهٖ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ بِجَاهِ نَبِیِّكَ

تمام رحیموں سے رحیم تر اور تمام نعمتوں سے عظیم تر نعمت کے ۔ اے اللہ ہم سوال کرتے ہیں تیرے نبی

وَرَسُوْلِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْفِرَةَ وَالرِّضٰی وَ

و رسول سیّدنا محمّد صلی اللہ علیہ وسلم کے عز و جاہ کے طفیل مغفرت و رضا مندی اور

الْقُبُوْلَ قَبُوْلًا تَامًّا لَا تَكِلْنَا فِیْهِ اِلٰی اَنْفُسِنَا طَرْفَةَ عَیْنٍ یَا نِعْمَ

قبولیت تامہ کا نہ سونپ ہمیں اس بارے میں ہمارے نفوس کی طرف پلک جھپکنے کی دیر ۔ اے بہتر

الْمُجِیْبُ فَقَدْ دَخَلَ الدَّخِیْلُ یَا مَوْلَائِیْ بِجَاهِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّی

قبول فرمانے والے پس داخل ہو چکا وساوس ہم میں ۔ اے میرے مولیٰ اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ

اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَغْفِرَ لَنَا ذُنُوْبَنَا فَاِنَّ غُفْرَانَ ذُنُوْبِ الْخَلْقِ

وسلم کے طفیل ہمارے گناہ بخش کیونکہ تمام مخلوق اوّل و

بِاَجْمَعِهِمْ اَوَّلِهِمْ وَاٰخِرِهِمْ بَرِّهِمْ وَفَاجِرِهِمْ كَقَطْرَةٍ فِیْ بَحْرِ

آخر ۔ نیکوں اور فاجروں کے گناہوں کی بخشش مانند ایک قطرہ کے ہے تیرے

جُوْدِكَ الْوَاسِعِ الَّذِیْ لَا سَاحِلَ لَهٗ وَلَا غَایَةَ لَهٗ فَقَدْ قُلْتَ وَقَوْلُكَ

وسیع جود کے سمندر میں جس کا کوئی ساحل اور کنارہ نہیں ہے ۔ تحقیق تو نے فرمایا اور تیرا قول واضح

الْحَقُّ الْمُبِيْنُ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حق ہے " اور نہیں بھیجا ہم نے آپ کو مگر سراپا رحمت بنا کر عالمین کے لیے صلی اللہ علیہ وسلم

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ

و علیٰ آلہ و صحبہ اجمعین ۔ اے میرے پروردگار میری ہر ہڈی کمزور ہو چکی اور سر مانند

الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ

آتش سفید ہو چکا بڑھاپے کی وجہ سے اور نہیں رہا میں تجھ سے طلب مدعا میں ناکام و بے مراد ۔ اے میرے پروردگار مجھے سخت تکلیف پہنچ

وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝ يَا

چکی اور تو سب سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے ۔ اے میرے رب بیشک میں تیری نازل کی ہوئی خیر کی طرف سے فقیر و محتاج ہوں ۔ اے

عَوْنَ الضُّعَفَآءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَآءِ يَا مُنْقِذَ الْغَرْقٰى يَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى يَا

ناتوانوں کی عون سراسر ۔ اے عظیم جائے امید و رجا ۔ اے بچانے والے غرق ہونے والوں کے ۔ اے نجات دہندہ اہل ہلاکت کے اے

نِعْمَ الْمَوْلٰى يَا اَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ اٰمِنِّيْ مِنْ شَرِّ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

بہترین مددگار ۔ اے اہل خوف کی امان مجھے امن عطا فرما دنیا و آخرت کے شر سے

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا التَّوَكُّلَ عَلَيْكَ فِيْ

بطفیل اپنی رحمت کے ۔ اے ارحم الراحمین ۔ اے اللہ ہمیں توکل نصیب فرما اپنی ذات پر

جَمِيْعِ الْاَحْوَالِ وَرُؤْيَةَ غَيْرِكَ بِعَيْنِ الْعَجْزِ وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

تمام احوال میں اور دیکھنا تیرے ماسوا کو عجز و ناتوانی کی آنکھ سے ۔ اور عطا فرما ہمیں دُنیا میں

حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنَا

اچھائی اور آخرت میں بھی اچھائی و نیکی اور بچا ہمیں دوزخ کے عذاب سے ۔ اے اللہ ہمیں عطا فرما

خَيْرَ هٰذَا الْيَوْمِ وَقِنَا شَرَّهٗ وَهٰكَذَا جَمِيْعَ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ اٰمِيْنَ ۝

اس دن کی خیر اور بچا ہمیں اس کے شر سے اور ایسے ہی تمام راتوں اور دنوں (کے شر سے) آمین ۔

اَللّٰهُمَّ قَوِّنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَاَهْوِيَتِنَا وَشَيَاطِيْنِنَا وَاجْعَلْنَا فِيْ حِزْبِكَ

اے اللہ ہمیں قوت بخش اپنے نفوس اور ان کی خواہشات پر اور اپنے شیاطین پر اور بنا ہمیں اپنی جماعت میں

وَمِنْ حِزْبِكَ وَقَرِّبْ قُلُوْبَنَآ اِلَيْكَ قَبْلَ الْمَوْتِ وَارْزُقْنَا اللِّقَآءَ

اور اپنی جماعت سے اور قریب فرما ہمارے دلوں کو اپنی طرف موت سے قبل اور ہمیں نصیب فرما مخصوص ملاقات و دیدار

الْخَاصَّ قَبْلَ اللِّقَآءِ اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَيْقِظْ قُلُوْبَنَا لَكَ وَنَبِّهْنَا عَنِ

موت والی ملاقات سے قبل آمین ۔ اے اللہ ہمارے قلوب کو بیداری بخش اپنی ذات کیلئے اور جگا ہمیں اپنی

الْغَفَلَاتِ عَنْكَ اَللّٰهُمَّ اهْدِ كُلَّ ضَآلٍّ وَّتُبْ عَلٰى كُلِّ عَاصٍ وَّصَبِّرْ

خصوصی توجہ سے غفلتوں کی نیند سے ۔ اے اللہ ہدایت دے ہر گمراہ کو اور نظر رحمت فرما ہر عاصی پر اور صبر کی توفیق دے

عَلَى الْبَلَآءِ كُلَّ مُبْتَلًى وَّوَفِّقِ الشُّكْرَ كُلَّ مُعَافًى اٰمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا

بلیات پر ہر مبتلا کو ۔ اور شکر کی توفیق دے ہر عافیت والے کو آمین ۔ اے اللہ بنا ہمیں

الْمُسْلِمِيْنَ الْمُسَلِّمِيْنَ الْمُسْتَطْرِحِيْنَ بَيْنَ يَدَيْ قُدْرَتِكَ اَللّٰهُمَّ

اطاعت گزار ۔ اہل تسلیم و رضا اور اپنے آپ کو گرانے والے تیری قدرت کے آگے ۔ اے اللہ

رَضِّنِيْ بِقَضَآئِكَ وَصَبِّرْنِيْ عَلٰى بَلَآئِكَ وَاَوْزِعْنِيْ شُكْرَ

مجھے راضی فرما اپنی قضا پر ۔ صبر کی توفیق دے اپنی بلیات پر اور نصیب فرما میرے اپنا

نَعْمَآئِكَ نَسْئَلُكَ تَمَامَ النِّعْمَةِ وَدَوَامَ الْعَافِيَةِ وَالثُّبَاتَ عَلَى

شکر نعمت ۔ ہم تجھ سے سوال کرتے ہیں کامل نعمت، دائمی عافیت اور محبت پر ثابت

الْمَحَبَّةِ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا حُسْنَ مُعَامَلَتِكَ وَطَيِّبْ لَنَا خِدْمَتَكَ وَ

قدمی کا ۔ اے اللہ ہمارے نصیب فرما حسن معاملہ اپنا ۔ اور پسندیدہ ٹھہرا ہمارے لیے اپنی خدمت و عبادت

الْوُقُوْفَ عَلٰى بَابِكَ مَعَ جُمْلَةِ خَدَمِكَ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا وَ

اور اپنے اوپر ٹھہرنا ۔ مع اپنے تمام خدام کے ۔ اے اللہ ثابت رکھ ہمارے قلوب اور

جَوَارِحَنَا فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَاٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً

اعضاء کو اس دن میں اور عطا فرما نا ہمیں دنیا میں بھی اچھائی اور آخرت میں بھی اور

وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اَللّٰهُمَّ يَا حَآئِلًا بَيْنَ الْمَآءِ الْمَالِحِ وَالْعَذْبِ حُلْ

بچانا عذاب دوزخ سے ۔ اے اللہ اے حجاب پیدا کرنے والے کھاری اور شیریں پانیوں کے درمیان حائل ہونا

بيننا وبين سخطك وبين المنازعة لك في اقدارك وحل بيننا

درمیان ہمارے اور اپنی ناراضگی کے اور درمیان نزاع کرنے کے تیرے ساتھ تیری تقدیرات میں اور حائل ہونا

وبين معاصيك ببرزخ من رحمتك اللهم يا خالق الخلق و

درمیان ہمارے اور درمیان گناہوں کے اپنی رحمت کے برزخ کے ذریعے ۔ اے اللہ اے مخلوق کے خالق ،

يا مسبب الاسباب خلصنا من قيد الشرك بخلقك واسبابك

اے مسبب الاسباب ہمیں خلاصی بخش شرک کی قید سے جو تیری مخلوق اور اسباب کے ذریعے وقوع پذیر ہوتا ہے

اللهم حقق لي هذا وثبته وثبتني عليه اجعله موهبة لا

اے اللہ اسے میرے لیے محقق وثابت فرما اور مجھے اس پر ثابت رکھ ۔ بنا اسے میرے لیے ہبہ نہ کہ

عارية انك تعلم اني اقتل في حبال دينك وارادتك اني

عاریت (مانگی ہوئی شئی) بیشک تو جانتا ہے کہ میں قتل کرتا ہوں (اپنے نفس کو) تیرے دین اور ارادہ کے رسوں میں میں تیرے

خادم للخادمين لك الزاهدين فيما سواك طلبا لمرضاتك

خادموں کا خادم ہوں جو بے نیاز ہیں تیرے ماسوا سے تیری رضامندیوں کی طلب میں ۔

ويحك يا غني الدنيا لا تظن ان اشكر الغني بان نقول الحمد

افسوس ہے تیرے لیے اے دنیادار یہ گمان نہ کرنا کہ میں دنیادار کا شکر گزار ہوں گا بسبب اس کے کہ ہم کہتے ہیں سب تعریفیں

لله رب العلمين اللهم اجعلنا زاهدين فيما سواك راغبين

اللہ رب العالمین کے لیے ہیں ۔ اے اللہ بنا دے ہمیں مستغنی اپنے ماسوا سے اور راغب

فيك في جميع الاحوال واتنا في الدنيا حسنة وفي الاخرة حسنة

اپنی ذات میں تمام احوال کے اندر عطا فرما ہمیں دنیا میں اچھائی اور آخرت میں ایمان

وقنا عذاب النار ۔ اللهم ارزقنا تحقيق عبوديتك والصدق

اور بچا ہمیں عذابِ دوزخ سے ۔ اے اللہ ہمیں نصیب فرما اپنی حقیقی عبودیت اور صدق واخلاص

في طلبك اللهم استعملني فيما يرضيك سبحان الصمد الذي

اپنی طلب میں ۔ اے اللہ مجھے عمل پیرا فرما اپنے موجب رضا امور میں ۔ پاک ہے بے نیاز جو

لا ياكل ولا يشرب يرزق ولا يرزق يطعم ولا يطعم الصمد

نہ کھاتا ہے اور نہ پیتا ہے جو رزق دیتا ہے مگر اسے رزق نہیں دیا جا سکتا ۔ جو کھلاتا ہے مگر کھلایا نہیں جا سکتا ۔ وہ

الذي لا جوف له لا ياكل ولا يشرب ولا ينام اللهم اجعلنا

بے نیاز کہ اس کا پیٹ ہی نہیں ۔ نہیں کھاتا اور نہ پیتا ہے اور نہ سوتا ہے ۔ اے اللہ ہمیں بنا دے

مطمئنين راضين موافقين مسلمين مستسلمين اللهم انا

اصحاب اطمینان و رضا اور موافق وسازگار اور اطاعت گزار اور ارباب تسلیم ۔ اے اللہ ہم

نعوذ بك من مشاجرة مخاطرة الغيرية من مشاورة موامرة

پناہ طلب کرتے ہیں تجھ سے باہمی نزاع سے جو غیریت کی وجہ سے سوجھتا ہے ۔ اور اس مشاورت وصلاح

المجاورة المستعانة الى مصالح المواعدة المعاضدة المراجعة

کاری سے جس سے پناہ واستعانت طلب کی جاتی ہے طرف ان مصالح کے جن کا باہم عہد و پیمان اور تائید وتقویت کی گئی ہے جن کی طرف رجوع کیا

بمحادثة المخافة المصالحة المصاهرة المساترة المشاعرة

جاتا ہے بسبب پیدا ہونے خوف کے ، جن پر باہم صلح اور رشتہ و پیوند اور ستر و پردہ داری اور

الوصالة الاصالة اللهم قررنا على مجاهدات انفسنا وارزقنا

وصل و اصالت کا شعور ہوتا ہے ۔ اے اللہ ہمیں ثابت قدم رکھ اپنے نفوس کے ساتھ جہاد پر اور ہمیں رزق

واهدنا للناس ونور قلوبنا واجعلنا نورا يستضيء بنا الناس

دے اور ہادی بنا لوگوں کے لیے ، ہمارے قلوب کو منور فرما اور ہمیں نورانی بنا تاکہ لوگ ہم سے نور وضیاء حاصل کریں

واسقنا شراب انسك حتى نرتوي به ويرتوي بنا كل ظمان

اور ہمیں اپنا شراب انس و محبت پلا حتیٰ کہ ہم خود سیراب ہوں اور ہمارے ذریعے ہر پیاسا سیراب ہو سکے ۔

اللهم اني اسئلك التنوير والتيسير والمعونة والتقرير و

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے نورانیت اور سہولت و اعانت کا اور تقریر و

الحفظ والفوز والرعاية والستر والتكميل وطيب امرها الساري

حفظ کا کامیابی دینے اور نگہبانی فرمانے اور پردہ پوشی و تکمیل اور ان قلوب کے جاری وساری امر کی پاکیزگی کا ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِمُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ
اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری طرف توجہ کرتا ہوں تیرے نبی رحمت محمدؐ کے توسل سے۔ اے محمدؐ
اِنِّیْ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ
میں نے توجہ کی آپ کے توسل سے اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت میں تاکہ پوری کی جائے۔ اے اللہ انہیں میرا شفیع بنا۔
فِیَّ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَیْتَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی
تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے عافیت دی درپیش بلیات سے اور فضیلت دی مجھے
كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ
بہتیری مخلوق پر کامل فضیلت۔ اے اللہ مجھے بخش اور مجھ پر رحم فرما اور میری کوتاہیاں دور فرما
وَارْزُقْنِیْ وَاهْدِنِیْ وَعَافِنِیْ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ
اور رزق دے۔ ہدایت عطا فرما اور عافیت بخش۔ اے اللہ میری کفایت فرما اپنے حلال کے ذریعے
حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ اَللّٰهُمَّ اقْذِفْ فِیْ
اپنے حرام سے اور مجھے اپنے فضل کے ساتھ غنی فرما اپنے ماسوا سے۔ اے اللہ میرے دل میں
قَلْبِیْ رَجَائَكَ وَاقْطَعْ رَجَائِیْ عَمَّنْ سِوَاكَ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ
اپنی امید و رجاء ڈال دے اور میری امید میں غیر سے منقطع فرما دے۔ اے اللہ میری کفایت فرما
مِنْ كُلِّ مُهِمٍّ مِنْ حَیْثُ شِئْتَ وَمِنْ اَیْنَ شِئْتَ لِدِیْنِیْ
ہر غم و اندوہ میں ڈالنے والے امر سے جہاں سے اور جس طرح پر چاہے میرے دین کے لیے
وَلِمَا اَهَمَّنِیْ وَلِمَنْ بَغٰی عَلَیَّ وَلِمَنْ حَسَدَنِیْ وَلِمَنْ
اور مجھے غم واندوہ میں ڈالنے والے امور کے لیے اور مجھ پر بغاوت اور حسد کرنے والوں اور میرے ساتھ
كَادَنِیْ بِسُوْءٍ عِنْدَ الْمَوْتِ وَعِنْدَ الْمَسْئَلَةِ فِی الْقَبْرِ وَعِنْدَ
برا مکر کرنے والے کے لیے بوقت موت، قبر میں سوال کے وقت۔ میزان اعمال کے
الْمِیْزَانِ وَعِنْدَ الصِّرَاطِ وَعِنْدَ الْحِسَابِ وَعِنْدَ الْاٰخِرَةِ
پاس اور پل صراط کے پاس حساب کے وقت اور آخرت میں۔

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِفَاجِرٍ عِنْدِیْ نِعْمَةً اُكَافِیْهِ بِهَا فِی الدُّنْیَا
اے اللہ نہ بنانا کسی فاجر کے لیے میرے ہاں نعمت کہ مجھے بدلہ دینا پڑے اس کا دنیا
وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ فَكَاكَ رَقَبَتِیْ مِنَ النَّارِ
و آخرت میں۔ اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اپنی گردن کی خلاص کا آتش دوزخ سے
وَمِنَ الْقَسْوَةِ وَالْعَیْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَالْكُفْرِ
سنگدلی۔ محتاجی اور ذلت و سکنت اور کفر
وَالْفُسُوْقِ وَالْكَبَآئِرِ وَالصَّغَآئِرِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَ
و فسق اور کبائر و صغائر اور بدبختی، شہرت اور
الرِّیَآءِ وَمِنَ الصُّمِّ وَالْبُكْمِ وَضَلْعِ الدَّیْنِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ
ریا کاری سے اور بہرہ پن۔ گونگا پن اور قرض کے دباؤ اور گرانباری سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ طلب کرتا
بِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ
ہوں قرض اور دشمن کے غلبہ سے اور دشمنوں کی شادمانی سے۔
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ خَطِیْٓئَتِیْ وَاِسْرَافِیْ فِیْٓ اَمْرِیْ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ
اے اللہ میری خطا معاف فرما اور امور میں حد سے تجاوز اور ہر امر جسے تو مجھ سے بہتر
بِهٖ مِنِّیْ فَاغْفِرْ لِیْ جِدِّیْ وَهَزْلِیْ وَخَطَایَایَ وَعَمْدِیْ
جانتا ہے پس بخش میرے سنجیدگی اور مزاح کو اور خطا و عمد کو
وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا
اور ان میں سے ہر امر میرے اندر موجود ہے۔ اے اللہ مجھے بخش جو میں نے پہلے کیا اور جو
اَخَّرْتُ وَمَآ اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ
بعد میں کرنا ہے اور جو چھپایا اور جو ظاہر کیا اور جسے تو مجھ سے بہتر
مِنِّیْ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ
جانتا ہے تو ہی ہے مقدم کرنے والا اور تو ہی موخر کرنے والا ہے۔ اے اللہ میرے لیے اصلاح فرما

دِيْنِي الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَ اَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ

میرے دین کی جو میرے امور کی حفاظت کا ذریعہ ہے اور درست فرما میرے لیے میری دنیا جس میں

فِيْهَا مَعَاشِيْ وَ اَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِي الَّتِيْ اِلَيْهَا مَعَادِيْ وَ

میری گزران ہے اور درست فرما میرے لیے میری آخرت جس کی طرف میری بازگشت ہے اور

اجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّ اجْعَلِ الْمَوْتَ

بنا زندگی کو میری خیر و بھلائی میں اضافہ کا موجب۔ اور بنا میرے لیے موت کو

رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِيْ بِمَا عَلَّمْتَنِيْ

ہر شر سے راحت کا موجب۔ اے اللہ مجھے نفع دے ساتھ اس علم کے جو عطا کیا

وَ عَلِّمْنِيْ مَا يَنْفَعُنِيْ وَ زِدْنِيْ عِلْمًا ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور سکھلا مجھے جو نفع دے اور میرے علم میں ترقی دے۔ حمد ہے اللہ کے لیے

عَلٰى كُلِّ حَالٍ وَّ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ حَالِ اَهْلِ النَّارِ

ہر حال میں اور میں اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں اہلِ نار کے حال سے

وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ بِهٖ عَبْدُكَ وَ نَبِيُّكَ

اور میں پناہ طلب کرتا ہوں ہر اس شئی کے شر سے جس سے پناہ طلب کی تیرے عبد خاص اور تیرے نبی نے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَ مَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں تجھ سے جنت کا اور جو قریب کرے اس کی طرف

قَوْلٍ وَّ عَمَلٍ وَّ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَآءٍ قَضَيْتَهٗ

قول و فعل سے۔ اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ ہر قضاء جس کا فیصلہ میرے لیے کیا ہے

لِيْ خَيْرًا وَّ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَ دُنْيَايَ وَ

اسے سراسر خیر بنائے۔ اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں عافیت کا دین و دنیا اور

اَهْلِيْ وَ مَالِيْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَ اٰمِنْ رَوْعَاتِيْ

اہل و مال میں۔ اے اللہ میرے عیوب پر پردہ ڈال۔ اور خوفناک امور سے امن عطا فرما

وَ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَ مِنْ خَلْفِيْ وَ عَنْ يَّمِيْنِيْ وَ عَنْ

اور مجھے محفوظ فرما آگے سے اور پیچھے سے اور دائیں و

شِمَالِيْ وَ مِنْ فَوْقِيْ وَ اَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ مِنْ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ

بائیں سے اور اُوپر و نیچے سے۔ اور میں تیری عظمت کے طفیل پناہ طلب کرتا ہوں

تَحْتِيْ وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَ تَحَوُّلِ عَافِيَتِكَ

نیچے سے ہلاک کئے جانے سے۔ اور پناہ طلب کرتا ہوں تیری نعمت کے زوال سے اور عافیت کے

وَ فُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ وَ جَمِيْعِ سَخَطِكَ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ

بدل جانے سے اور اچانک انتقام کا نشانہ بننے سے اور ہر قسم کی ناراضگی سے۔ اے اللہ مجھے حلال و پاکیزہ

رِزْقًا حَلَالًا طَيِّبًا عَلَى الدَّوَامِ وَاصِلًا مِّنْكَ اِلٰى

رزق عطا فرما ہمیشہ کے لیے جو پہنچنے والا ہو تجھ سے تیرے اس

عَبْدِكَ عَلٰى طَرِيْقَةِ الْخَاصِّ وَ الْعَامِّ عَارِيًا مِّنَ

عبد تک مخصوص اور عام طریقہ پر در آنحالیکہ خالی ہو

الْكُلَفِ وَ الْمِحَنِ خَالِيًا عَنْ بَوَآئِقِ الدَّهْرِ وَ

تکلیف و محنت سے اور دور ہو زمانے کی ہلاکتوں اور

شَدَآئِدِ الْفِتَنِ نَافِعًا فِي الدِّيْنِ وَ الْبَدَنِ يَا مَنْ

فتنوں کی شدتوں سے نافع ہو دین میں اور بدن میں بھی اے کہ جس کا

فَضْلُهٗ عَظِيْمٌ وَ لُطْفُهٗ عَمِيْمٌ وَ اِحْسَانُهٗ قَدِيْمٌ

فضل عظیم ہے اور لُطف عام ہے اور اس کا احسان قدیم ہے

وَ نَفْسُهٗ كَرِيْمٌ وَ رَسُوْلُهٗ رَحِيْمٌ وَ هُوَ قَادِرٌ

اور اس کی ذات کریم ہے اور اس کا رسول رحیم ہے اور وہ قادر و

عَلِيْمٌ وَ رَبٌّ حَلِيْمٌ اَسْئَلُكَ فَتْحَ بَابِ الْمُنَاجَاتِ

علیم اور ربّ حلیم ہے۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں مناجات

فِی جَمِیۡعِ الۡعِبَادَاتِ وَالطَّاعَاتِ بِالۡجَهۡرِ وَالۡخَفِیَّاتِ

د دُعا کا دروازہ کھولنے کا تمام عبادات وطاعات میں علانیہ میں اور اہم خفیہ

الۡحَفِیَّاتِ اَللّٰهُ حَاضِرِیۡ اَللّٰهُ نَاظِرِیۡ اَللّٰهُ قَادِرِیۡ اَللّٰهُ

امور میں ۔ اللہ میرے پاس حاضر ہے ۔ اللہ میرا ناظر ہے اللہ مجھ پر قادر ہے اللہ

مَعِیۡ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی وَحِیۡدٍ صَلٰوةً

میرے ساتھ ہے ۔ اے اللہ صلواۃ کاملہ نازل فرما اپنے یکتا رسول پر جس صلواۃ کے طفیل

تُوَحِّدُنَا بِهَا وَتُحَیِّدُنَا بِهَا بِتَوۡحِیۡدِ

ہمیں یکتا بنادے اور الگ تھلگ کردے بطفیل ان کی یکتا

وَحِیۡدِ وَحۡدَانِیَّتِهٖ وَوَحۡدَانِیَّتِهٖ

وحدانیت کی توحید اور وحدانیت

وَحۡدَةِ اَحَدِیَّتِهٖ وَوَحۡدِیَّةِ

اور حدت واحدیت کے اور وحدیت

وَّوَاحِدِیَّةِ وَاِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ

وواحدیت کے اور الہٰ تمہارا الہٰ

وَّاحِدٌ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

واحد ہے نہیں معبود برحق مگر وہی

الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ۝

رحمٰن و رحیم ۔

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمۡ یَلِدۡ ۙ وَلَمۡ

فرما دیجئے وہ اللہ ایک ہے ۔ اللہ بے نیاز ہے ، نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ

یُوۡلَدۡ ۝ وَلَمۡ یَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

جنا گیا اور نہیں اس کا کوئی مثیل ومشابہ